تیسری سہ ماہی	جماعت:اوّل	مضمون:اسلامیات	سبقی منصوبہ بندی:1
اُستاد کا نام:______	ہفتہ:10	تاریخ:______	وقت:40منٹ

باب چہارم:اخلاق وآداب	سبق کا نام: سلام کرنا(دہرائی)

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنا سنتِ رسول ﷺ ہے۔
- سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔

تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ورک شیٹ۔

طریقہ تدریس: 5منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "سلام کرنا" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

اعادہ: 15منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ	20منٹ

سوال 1: دُرست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم کے جواب میں کہنا چاہیے:

- وَالسَّلَام
- ماشآءاللہ
- وَعَلَیْکُمُ السَّلَام
- اللہ حافظ

۲ کسی کے گھر جائیں تو گھر والوں کو کہیں:

- اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم
- وَعَلَیْکُمُ السَّلَام
- اللہ حافظ
- سُبْحَانَ اللہ

۳ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم کے معنٰی ہیں:

- آپ کو کامیابی ملے
- آپ پر سلامتی ہو
- آپ خوش رہیں
- آپ پر اللہ تعالٰی کی برکت ہو

سوال 2: ہمیں سلام میں پہل کرنے کا حکم کس نے دیا ہے؟

____

____

تیسری سہ ماہی	جماعت: اوّل	مضمون: اسلامیات	سبقی منصوبہ بندی: 2
اُستاد کا نام: ________	ہفتہ: 10	تاریخ: ________	وقت: 40 منٹ

باب چہارم: اخلاق و آداب	سبق کا نام: سلام کرنا (دہرائی)

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سلام کرنے کا طریقہ و آداب سیکھ سکیں۔
- روز مرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "سلام کرنا" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

اعادہ: 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ	20منٹ

سوال1: سلام کرنے کے چند آداب لکھیں۔

جواب: ____

____

____

____

____

سوال2: اپنے بارے میں بتائیں۔

کیا میں دوسروں کو پہلے سلام کرتا ہوں؟	جی ہاں	جی نہیں
کیا میں اپنے اساتذہ کرام کو سلام کرتا ہوں؟	جی ہاں	جی نہیں
کیا میں گھر میں داخل ہوتے وقت سب کو سلام کرتا ہوں؟	جی ہاں	جی نہیں
کیا میں اسکول میں اپنے دوستوں کو سلام کرتا ہوں؟	جی ہاں	جی نہیں

سبقی منصوبہ بندی: 3	مضمون: اسلامیات	جماعت: اوّل	تیسری سہ ماہی
وقت: 40 منٹ	تاریخ: ______	ہفتہ: 10	اُستاد کا نام: ______

سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف (دہرائی)	باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اس بات کو جان کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالی نے اِنسانوں کی راہ نمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔
- انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی اور رسول ہیں۔

تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

اعادہ: 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

20منٹ **ورک شیٹ**

سوال 1: اللہ تعالیٰ کے سب سے پہلے اور آخری نبی کا نام لکھیں۔

سوال 2: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ پر کون سی آسمانی کتاب نازل کی؟

سوال 3: چار مشہور نبیوں کے نام لکھیں۔